Series : SKS/1

کوڈ نمبر
Code No. **258/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- براۓ مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات 4 ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- براۓ مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 30 سوال ہیں۔
- **براۓ مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **4** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

collegedunia.com India's largest Student Review Platform

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

مقررہ وقت : 3، گھنٹے — کُل نمبر : 70

*Time allowed : 3 hours]* — *[Maximum marks : 70*

**عام ہدایات :**

*(i)* سبھی سوال لازمی ہیں۔

*(ii)* سوالوں کی مجموعی تعداد 30 ہے۔

*(iii)* سوال نمبر 1 سے 5 تک ہر ایک سوال 1 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب **ایک** یا دو لائینوں میں دیجیے۔

*(iv)* سوال نمبر 6 سے 19 تک ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 10 سے 20 لفظوں میں دیجیے۔

*(v)* سوال نمبر 20 سے 26 تک ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 20 سے 30 لفظوں میں دیجیے۔

*(vi)* سوال نمبر 27 سے 30 تک ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر ایک سوال کا جواب 40 لفظوں میں لکھیے۔

*(vii)* مثالوں کی مدد سے اپنے جواب لکھیے جن سوالوں میں مثالیں دینا ضروری ہیں۔



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

1. نابالغ بڑی بہن کے ذریعے بچے کی دیکھ بھال کیے جانے میں کون سی دو کمیاں ہوسکتی ہیں ؟ 1

2. پوشاک کے لیبل پر اسے بلیچ اور ٹمبل ڈرائی کرنے کی ہدایات دکھانے کے لیے ایک-ایک علامت بنائیے۔ 1

3. ایک سال کے بچے کی زبان کی دو خصوصیات بتائیے۔ 1

4. دو سال کے لیے، بینک میں چالو جمع کھاتا (ریکرینگ ڈپوزٹ اکاؤنٹ) کھولنے کے دو فائدے بتائیے۔ 1

5. رینکو ابھی ایک ماہ کا ہے۔ دو سال کا ہونے پر اس کے جسم کے تناسب میں کون سے دو بدلاؤ آئیں گے جو آسانی سے دیکھے جا سکتے ہیں؟ 1

6. تین سال کا بنٹی اپنے چاچا سے شرم محسوس کر رہا ہے۔ اس کے کردار کے کون سے چار اسباب ہیں جن سے آپ اس نتیجے پر پہنچ پائے ہیں؟ 2

7. پوشاک کے لیے کپڑے کی دِکھاوٹ (appearance) کو کون سے چار اسباب متاثر کرتے ہیں؟ 2

8. ایگمارک (Agmark) کا خاص رول کیا ہے؟ ایسی دو کھانے کی چیزیں بتائیے جن پر یہ مارک لگایا جاتا ہے۔ 2

9. کپڑے کو بیچنے والے اپنے گاہکوں کو اکثر کن چار طرح سے دھوکہ دیتے ہیں؟ 2

10. ساڑی اور بلاؤز میں لے پیدا کرنے کے دو طریقے بتائیے۔ 2

11. ایک بس چلانے والے کی پوشاک کا انتخاب کرتے وقت آپ کون سی چار باتوں کو دھیان میں رکھیں گے؟ 2



collegedunia.com India's largest Student Review Platform

12. ایک سلی سلائی پینٹ کو خریدتے وقت اس کی کون سی چار ہو سکنے والی کمیوں کی طرف دھیان دیں گے ؟ 2

13. کھانا تیار کرتے وقت ایک باورچی کی کون سی چار ایسی عادتوں کی طرف دھیان رکھنا چاہیے جو گندی ہو سکتی ہیں ؟ 2

14. فوڈ سیفٹی اینڈ سٹینڈرڈز اتھارٹی آف انڈیا (ایف۔ایس۔ایس۔اے۔آئی۔) کن چار حالات میں سیب کے جیم (apple jam) کو ملاوٹی قرار دے سکتا ہے، لکھیے۔ 2

15. دودھ پلانے والی ماں کو لگاتار آئی سی ڈی ایس مرکز جانے کے چار اسباب تیار کر ان کو کس طرح منائیں گی ؟ 2

16. پوشاک پر سے سیاہی کے داغ ہٹانے کے بعد شیلا کو اس پر کیمکل کے دھبے دکھائی دیے۔ اس سے بچنے کے لیے اسے کون سی چار احتیاطیں برتنی چاہیے تھی ؟ 2

17. سردی ختم ہونے پر اُونی کپڑوں کو سنبھال کر رکھنے کی ضرورت کیوں ہوتی ہے ؟ انھیں سنبھال کر رکھتے وقت کون سی دو احتیاطیں برتیں گے ؟ 2

18. ایک خاندان کی روزانہ دودھ کی ضرورت جلدی جلدی بدلتی رہتی ہے۔ دودھ پر فی ہفتہ خرچ ہونے کا حساب کتاب لکھنے کے لیے ایک فارمیٹ تیار کیجیے۔ 2

19. ''ہوم سائنس کا مطالعہ کرنے سے خود روزگار (self employment) کے بہت سے مواقع ملتے ہیں۔'' اس قول کی تائید ہوم سائنس کے کسی چار علاقوں میں سے ایک ایک مثال دے کر کیجیے۔ 2

20. بجلی کے فلٹر کے ذریعے پانی کو پینے کے قابل بنانے کے چار فائدے بتائیے۔ ایسے فلٹر سے پانی ہمیشہ پینے کے قابل ملے اس کے لیے کون سی دو احتیاطیں اپنائیں گے ؟ 3



collegedunia India's largest Student Review Platform

21. دست لگنے پر او-آر-ایس۔ دینے کے دو اسباب بتائیے۔ اسے گھر پر کیسے تیار کیا جا سکتا ہے ؟ 3

22. کیسری دال کی ملاوٹ والے کھانے کو استعمال کرنے سے صحت پر ہونے والے دو مضر اثرات بتائیے۔ کھانے کی چیزوں میں یہ ملاوٹ کس طرح کی جاتی ہے اور آپ اسے کیسے پہچانیں گے ؟ 3

23. روپیہ پیسہ اور اصل آمدنی میں ایک فرق بتائیے۔ اپنی دولت / املاک کا استعمال کرکے ایک خاندان انھیں بڑھا سکے اس کے دو-دو مشورے دیجیے۔ 3

24. آپ نے ماہانہ آمدنی اسکیم (ایم آئی ایس) کا انتخاب نہ کرکے پبلک پروویڈنٹ فنڈ اسکیم (پی پی ایف) میں سرمایہ کاری کا انتخاب کیوں کیا ؟ اس کے تین اسباب بتائیے۔ 3

25. ایک ماں کو کن دو-دو علامتوں سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے ایک سال کے بچے کا سماجی، حرکی اور سمجھنے کی نشوونما ٹھیک ہے ؟ 3

26. خسرہ کی تین ایسی خاص علامتیں لکھیے جن کے ذریعہ آپ کو اس مرض کو پہچاننے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس مرض میں متبلا بچے کو دیکھ بھال سے متعلق تین خاص باتیں کون سی ہیں ؟ 3

27. کلاس میں ایک ایسا طالب علم جو اونچا سنتا ہے، اس کی دماغی اور تعلیمی ضرورتوں کو پورا کرنے میں ٹیچر کن چار طریقوں سے مدد کر سکتی ہے ؟ مشورہ دیجیے۔ 4

28. دکاندار کے خلاف صارف فورم (کنزیومر فورم) میں شکایت درج کرنے کے طریقے کو تفصیل سے لکھیے۔ 4

29. ''سوتی اور اونی کپڑوں کو الگ-الگ طریقوں سے دھو کر تیار کیا جاتا ہے۔'' اس قول کی تائید مناسب مثالیں دے کر کیجیے۔ 4

30. دوپہر کے کھانے میں ایک خاندان کو آلو ٹماٹر کی شوربے والی سبزی، چاول، دہی دیا گیا ہے۔ دوسری تماہی میں آئی ایک حاملہ عورت کے لیے یہ خوراک کہاں تک مناسب ہے ؟ اس خوراک کو اگر اس حاملہ عورت کو دیا جانا ہے تو اس میں آپ کن-کن آسان تبدیلیوں کا مشورہ دیں گے ؟ 4



collegedunia.com
India's largest Student Review Platform